اگر آپ کو کووِڈ-19 لاحق ہوچکا ہے، تو برائے مہربانی دوسروں کی مدد کریں۔

اگر آپ کی کووِڈ-19 کی جانچ مثبت آئی ہے، تو برائے مہربانی ہمارے مطالعے میں شریک ہو کر ہمیں یہ سمجھنے میں مدد کریں کہ کیوں کچھ افراد کو یہ بیماری دوسروں کی بہ نسبت شدید متاثر کرتی ہے۔

ہماری مدد کریں ، تاکہ ہم آپ کے اہل خانہ، دوست احباب اور معاشرے کی مدد کرسکیں

مزید معلومات کے لئے اور اس مطالعے میں شریک ہونے کے لئے covid.genomicc.org اس ویب سائٹ پر وزٹ کریں

آپ کی مدد کے لئے شکریہ
آئیے کووِڈ کے اس معمے کو ساتھ مل کر حل کریں

mend

کووِڈ کے اس معمے کو حل کرنے میں کیا آپ ہماری مدد کرسکتے ہیں؟

جینومِک کووِڈ۔19 مطالعہ کا مقصدیہ جاننا ہے کہ کیا افراد کے جینس یہ طئے کرتے ہیں کہ وہ کووِڈ-19سے کتنا متاثر ہوتے ہیں۔

ہمیں کیا چاہئے؟

ہمیں اس مطالعے میں شرکت کے لئے 15,000 ایسے افراد کی ضرورت ہے جن کی کووِڈ۔19 جانچ مثبت آئی ہو۔ ان میں ایسے فراد بھی شامل ہیں جن کے نتائج مثبت تو آئے ہوں لیکن کوئی علامات ظاہر نہ ہوئی ہوں۔ ہمیں ان افراد کے خون کا چھوٹا نمونہ درکار ہے تاکہ ہم ان نمونوں کا موانہ اور ترتیب ان افراد کے نمونوں سے کریں جنھیں اس بیماری نے شدید متاثر کیا تھا۔

زیادہ بہتر طور پر ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے رضاکارشدید متاثر ہونے والے افراد سے عمر اونسل میں مشابہ ہوں۔

چونکہ شدید متاثر ہونے والے زیادہ تر افراد اقلیتی نسلی پس منظر سے تعلق رکھتے تھے، اس لئے ہمیں خصوصاً ان گروہوں سے رضاکار درکار ہیں۔

اس مطالعے میں کیا ہوگا؟

ہمیں خون کا چھوٹا سا نمونہ چاہئے جس سے ہمیں جینوم کی ترتیب بنانے اور نتائج کا موازنہ کرنے میں مدد ملے گی۔ابھی اور مستقبل میں آپ کے ڈی این اے کی ترتیب بنانے ، اسے ذخیرہ کرنے ، اس معلومات تک رسائی حاصل کرنے اور آپ کی صحت کے ریکارڈ کے متعلقہ اجزاء ذخیرہ کرنے کے لئے ہمیں آپ کی منظوری بھی درکار ہے۔

ہم کون ہیں؟

جینومِک ڈاکٹروں اور سائنسدانوں کی ایک عالمی تنظیم ہے جو سنگین بیماریوں کا علاج ڈھونڈنے کے لئے ایک ساتھ کام کرتی ہے۔ساتھ مل کر، یہ تنظیم این ایچ ایس کے لئے خون کے نمونوں کو ترتیب پتہ کرنے اور ڈی این سے کی جانچ کرتی ہے۔

جینومِک انجمن کی رہنمائی یونیورسٹی آف اِڈن برگ کرتی ہے اور جینومِکس اِنگلینڈ سے شراکت داری میں کام کرتی ہے تاکہ کووِڈ۔19 سے شدید متاثر ہونے والے افراد کے جینوم کی کُل ترتیب کی جانچ کی جاسکے اور انھیں ایسے افراد سے موازنہ کیا جاسکے جنھیں کووِڈ۔19 سے نسبتاً کم متاثر کیا تھا۔

THE UNIVERSITY OF EDINBURGH

Genomics england

GenOMICC

مزید معلومات کے لئے اور اس مطالعے میں شریک ہونے کے لئے covid.genomicc.org اس ویب سائٹ پر وزٹ کریں

mend

جینومِک صحت مند رضاکار اے 5 پرچی ورژن 2.8
12نومبر 2020 (آئی آر اے ایس :189676/269326)